نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ماہ جولائی کے دوسرے پندھرواڑے میں کپاس کی فصل کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کردیں

لاہور16 جولائی 2021: محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی فصل کی بڑھوتری کیلئے سفارشات جاری کردیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حالیہ بارشوں کی وجہ سے جڑی بوٹیاں تیزی سے اُگ آتی ہیں جو کہ فصل کو دی گئی خوراک میں حصہ دار بن جاتی ہیں اوراس کے ساتھ ساتھ کیڑوں کی پناہ گاہ بھی ثابت ہوتی ہیں اس لئے کاشتکار گوڈی کرکے یا ہاتھ کے ساتھ جڑی بوٹیاں تلف کردیں۔جڑی بوٹی مار سپرے کیلئے فلیٹ فین نوزل استعمال کریں اور پانی کی مقدار 100 تا120 لیٹر فی ایکڑ استعمال کریں اورایسی زہریں جن کے استعمال سے فصل کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو شیلڈ لگا کر سپرے کریں۔کپاس کی فصل کی آبپاشی زمین کی زرخیزی،طریقہ کاشت، ورائٹی اور فصل کی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے کریں۔مزید براں آبپاشی کا وقفہ واٹر سکاؤٹنگ کرکے کم یا زیادہ کیا جاسکتا ہے۔لائنوں میں کاشتہ کپاس کی فصل کو12 تا15 دن کے وقفے سے آبپاشی کریں جب کہ پٹریوں پر کاشتہ کپاس کی فصل کو15 دن بعد پانی لگائیں اور بقیہ پانی بھی 15 دن کے وقفے سے لگائیں۔مئی میں کاشتہ فصل کیلئے1/5 نائٹروجن بجائی کے وقت،1/5 بجائی سے 30 تا35 دن بعد،1/5 حصہ ڈوڈیاں بننے اور بقیہ 1/5 ٹینڈے بنتے وقت استعمال کریں۔کپاس کی فصل پر زنک اور بوران کی کمی کی علامات ظاہر ہونے پر ان کے تین سپرے بوائی کے بالترتیب45،60اور90 دن بعد کریں۔سپرے کا محلول بنانے کیلئے100 لیٹر پانی میں بورک ایسڈ 17 فیصد بحساب300 گرام زنک سلفیٹ،33 فیصد بحساب250 گرام حل کریں۔زنک اور بوران کو دوسرے کیڑے مار ادویات کے ساتھ ملا کر سپرے نہ کریں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ حالیہ نمی والے موسم میں کپاس کی فصل پر رس چوسنے والے کیڑوں کا حملہ خصوصاً چست تیلے اور سفید مکھی کے حملے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے اس لئے کاشتکار کپاس کی فصل کی ہفتہ میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اوراگر کوئی ضرررساں کیڑا نقصان کی معاشی حد سے تجاوز کرے تو محکمہ زراعت کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورے سے نئی کیمسٹری کی حامل زہروں کا سپرے کریں۔ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ نائٹروجنی کھاد/یوریا کے زیادہ استعمال کی وجہ سے کپاس کی فصل پر سفید مکھی کا حملہ مشاہدے میں آیا ہے لہذٰا فصل کو حسبِ ضرورت نائٹروجنی کھاد مناسب وقفے سے سفید مکھی کے حملے کی شدت دیکھتے ہوئے ڈالی جائے۔اگر کپاس کی فصل پر سفید مکھی کا حملہ زیادہ ہو تو نائٹروجنی کھاد کا استعمال سفید مکھی کے حملے کے بعد کریں

☆☆☆☆